

| اصطلاح | تعریف | تصویر |
|---|---|---|
| **آڈیو میٹر** (Audiometer) | سماعت کی جانچ کرنے والا آلہ جو سننے کی صلاحیت کی پیمائش کرتا ہے۔ |  |
| **آڈیو میٹری** (Audiometery) | اس ٹیسٹ میں انسان ہیڈ فون پہنتا ہے اور مختلف آوازیں سنتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ وہ کتنا بہتر سن سکتا ہے۔ اگر سماعت میں کمی ہو تو نتائج، کمی کی سطح کو ظاہر کر دیتے ہیں۔ |  |
| **کان کا پردہ** (Ear Drum) | ایک پتلی جھلی جو بیرونی کان کو وسطی کان سے الگ کرتی ہے اور یہ وسطی کان کو انفیکشن سے بچاتی ہے۔ |   |
| **غیر مطلوبہ چیز** (Foreign Body) | کوئی غیر مطلوبہ چیز جو جسم کے کسی حصے میں پھنس جائے جہاں اُسے نہیں ہونا چاہیے مثلاً پلک کے نیچے ریت کا ذرہ یا کان کی نالی میں کوئی کیڑا۔ |  |
| **فریکوینسی** (Frequency) | موجوں کی وہ تعداد جو مخصوص جگہ سے مخصوص وقت (مثلاً فی سیکنڈ، فی منٹ) میں گزرتی ہوں فریکوینسی یا تعداد کہلاتی ہیں۔ آواز کی مختلف اقسام ہوتی ہیں، گہری آواز (کم فریکوئنسی) جیسے ڈرم اور تیز چُبھنے والی آواز (زیادہ فریکوئنسی) جیسے سیٹی۔ فریکوئنسی کو ہرٹز میں ماپا جاتا ہے۔ |  |
| **آلہ سماعت** (Hearing Aid) | ایک ایسا آلہ جو سماعت میں دشواری رکھنے والے افراد اپنے کان پر پہنتے ہیں۔ آلہ سماعت آوازوں کو بلند کرتا ہے تاکہ متاثرہ فرد سننے میں، گفتگو کرنے اور روزمرّہ کاموں میں بہتر طور پر شریک ہو سکے۔ |  |

| تصویر | تعریف | اصطلاح |
|---|---|---|
|  | ایک عدسہ نما آلہ جس میں روشنی ہوتی ہے اور اسے کسی شخص کے کان کا بصری (آنکھوں سے) معائنہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ | اوٹوسکوپ (Otoscope) |
| | وہ افراد جو خدمات سرانجام دینے والے ادارے یا تنظیم میں کام کرتے ہیں۔ ان میں وہ لوگ شامل ہیں جن کے پاس پیشہ وارانہ ڈگری تو نہیں ہوتی لیکن وہ مخصوص طبی معاملات میں تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ | عملہ کے لوگ (Personnel) |
|  | اوٹوسکوپ (کان کا معائنہ کرنے والا آلے) کا علیحدہ (جدا) ہو جانے والا مخروطی حصہ جو کان کے اندر جاتا ہے۔ | سپیکولم (Speculum) |